دفتر افسر اعلی تعلقات عامہ

جامعہ ملیہ اسلامیہ

پریس ریلیز

جامعہ ملیہ اسلامیہ نے یونیورسٹی کے اسپورٹس پرسنس کے لیے یک روزہ انٹر پرینورشپ بیداری پروگرام منعقد کیا

New Delhi, March 10, 2026

عزت مآب پروفیسر مظہر آصف، شیخ الجامعہ، جامعہ ملیہ اسلامیہ اور پروفیسر محمد مہتاب عالم رضوی، مسجل جامعہ ملیہ اسلامیہ نے مورخہ نو فروری دو ہزار چھبیس کو مائیکرو، اسمال اور میڈیم انٹر پرائزیز کی وزارت کی انٹر پرینورشپ اسکل ڈولپمنٹ پروگرام (ای ایس ڈی پی) کا سینٹر فار انوویشن اینڈ انٹر پرینورشپ (سی آئی ای) جامعہ ملیہ اسلامیہ میں افتتاح کیا۔

جامعہ ملیہ اسلامیہ کے گیمز اینڈ اسپورٹس ڈپارٹمنٹ نے سینٹر فار انوویشن اینڈ انٹر پرینورشپ، جامعہ ملیہ اسلامیہ کے اشتراک سے جامعہ ملیہ اسلامیہ کے اسپورٹس پرسنس کے لیے پہلی مرتبہ انٹر پرینورشپ بیداری پروگرام (ای اے پی) مورخہ چھ مارچ دو ہزار چھبیس کو منعقد کیا۔

پروفیسر (ڈائریکٹر) ریحان خان سوری، اعزازی ڈائریکٹر، سینٹر فار انوویشن اینڈ انٹر پرینورشپ (سی آئی ای) جامعہ ملیہ اسلامیہ ،اسپرش تیاگی، چیف کمرشیل آفیسر، فیئر پلے اسپورٹس، عمران یوسف، چیف آپریٹنگ آفیسر، ایس پی ٹی آئی۔ایم ای آئی ٹی وائی اور ڈاکٹر ناوید ظفر رضوی، ڈپارٹمنٹ آف اپلائیڈ سائنسز اینڈ ہیومنی ٹیز، جامعہ ملیہ اسلامیہ پروگرام کے اہم مقررین تھے۔

پروفیسر (ڈائریکٹر) ریحان خان سوری، اعزازی ڈائریکٹر، سینٹر فار انوویشن اینڈ انٹر پرینورشپ (سی آئی ای) جامعہ ملیہ اسلامیہ نے جامعہ کی سی آئی ای کا اجمالی تعارف پیش کرتے ہوئے منظّم تربیت، ماہر نگرانی اور عملی پہلوؤں سے انٹر پرینورل اور منیجر یل صلاحیت سازی کے تیار شدہ پروگرام کے بارے میں بھی بتایا جو شرکا کو پائے دار انٹر پرائزز قائم کرنے کا اہل بنائے گا۔

اسپرش تیاگی، چیف کمرشیل آفیسر، فیئر پلے اسپورٹس نے اسٹارٹ اپس کے اپنے تجربات شرکا کے ساتھ ساجھا کیے اور خود ملازمت اور اسپورٹس پرسنس کو کاروبار کھڑا کرنے کے لیے مختلف مہارتوں کے متعلق اہم معلومات فراہم کیں۔

عمران یوسف، چیف آپریٹنگ آفیسر، ایس پی ٹی آئی۔ایم ای آئی ٹی وائی نے کامیاب انٹر پرینور ہونے کے لیے مہم کار جوئی کے مختلف پہلوؤں، کھیل کود سے متعلق ٹکنالوجی، حکومت کی پالیسیوں اور فنڈ کے مواقع پر ثمر آور معلومات پیش کیں۔

ڈاکٹر ناوید ظفر رضوی، ڈپارٹمنٹ آف اپلائیڈ سائنسز اینڈ ہیومنی ٹیز، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے اہم کارجوئی کی مہارت کے سیٹ، ایم ایس ایم ای اسکیم، کھیل کود میں جدت، کھیل کود کی صنعت میں مالیاتی اور ابھرتی ٹکنالوجی کے سلسلے میں اہم معلومات شرکا کے ساتھ ساجھا کیں۔

آتم نر بھر بھارت اور ایم ایس ایم ای کی وزارت کے اہداف سے مطابقت رکھنے والی یہ پہل، کارجوئی کی تعلیم اور صلاحیت سازی کے تئیں جامعہ ملیہ اسلامیہ کے عہد کی توثیق مزید کرتی ہے۔

پروفیسر محمد محفوظ الحق نے مہمانوں کا خیر مقدم کیا اور طلبہ سے بات چیت کرتے ہوئے انہیں کھیل کود سے متعلق کارجوئی میں کامیابی کے حصول کے لیے نشانہ مقرر کرنے کے لیے کہا۔

پروفیسر نفیس احمد، ڈائریکٹر گیمز اینڈ اسپورٹس نے مہمان مقررین کے گراں قدر افکار و خیالات کی اور خاص طور پر اسپرش تیاگی کی اثر آفریں گفتگو کی تعریف کی اور آئندہ بڑے پروگراموں میں انہیں شامل کرنے کا وعدہ کیا۔

پروفیسر محمد عابد، ڈپٹی ڈائریکٹر گیمز اینڈ اسپورٹس اور ڈاکٹر فہیم احمد نے خوش اسلوبی سے پروگرام کی رابطہ کاری کا فریضہ انجام دیا۔

پروفیسر صائمہ سعید
افسر اعلی، تعلقات عامہ
جامعہ ملیہ اسلامیہ